اکثر پوچھے جانے والے سوالات چائلڈ کیئر عالمی وبا EBT (P-EBT)

تعلیمی سال 2022-2023 (*31 مارچ 2023*)

سوال 1: چائلڈ کیئر P-EBT کیا ہے؟

جواب: یہ وفاقی حکومت کی جانب سے COVID-19 کی عالمی وبا کے دوران 6 سال سے کم عمر بچوں والے گھرانوں کے لیے منظور کردہ خوراک کا عارضی وظیفہ ہے۔

سوال 2: چائلڈ کیئر P-EBT کے وظائف کا اہل کون ہے؟

جواب: ورمونٹ کے چھ سال سے کم عمر بچوں والے گھرانے 3SquaresVT وظائف وصول کر رہے ہیں۔ چائلڈ کیئر P-EBT کے وظائف اہل گھرانوں کے لیے ستمبر 2022 سے شروع ہو کر 11 مئی 2023 تک ہر ماہ جاری کیے جائیں گے۔ چائلڈ کیئر P-EBT کے وظائف وفاقی صحت عامہ کی ایمرجنسی کی میعاد پوری ہونے کے سبب 11 مئی کو ختم ہو رہے ہیں۔

سوال 3: چائلڈ کیئر P-EBT کا وظیفہ کتنا ہے؟

جواب: چائلڈ کیئر P-EBT کا وظیفہ ستمبر 2022 - جنوری 2023 کے لیے ہر ماہ فی بچہ $34.79 ہے۔ فروری - 11 مئی تک کے ریٹ کا حساب ابھی تک نہیں کیا گیا۔ مئی کا چائلڈ کیئر ریٹ پہلے سے طے کردہ ریٹ ہو گا کیونکہ وظائف مہینے کے وسط میں ختم ہو رہے ہیں۔

سوال 4: کیا موسم گرما کا چائلڈ کیئر P-EBT کا وظیفہ ہے؟

جواب: چونکہ وفاقی صحت عامہ ایمرجنسی کا 11 مئی کو ختم ہونا طے شدہ ہے، اس لیے موسم گرما کا چائلڈ کیئر P-EBT کا کوئی وظیفہ نہیں ہو گا۔ وفاقی قانون ورمونٹ کو صحت عامہ کی ایمرجنسی کی میعاد پوری ہونے پر موسم گرما میں چائلڈ کیئر P-EBT کے کسی وظیفے کو جاری کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔

سوال 5: چائلڈ کیئر P-EBT کے وظائف کو کب جاری کیا جائے گا؟

جواب: وظائف کا پہلا راؤنڈ (ستمبر 2022 - جنوری 2023 کے لیے) اپریل 2023 کے آخر میں جاری کیا جائے گا۔ P-EBT چائلڈ کیئر کے وظیفے کے لیے اہل بچے ستمبر سے جنوری کے وظائف کے ماہ کے لیے ہر اس ماہ میں ایک ادائیگی وصول کریں گے جس میں گھرانے نے 3SquaresVT وظائف وصول کیے ہوں گے۔

فروری - 11 مئی کے وظائف کو اگست کے آخر میں جاری کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔

سوال 6: مجھے کیسے معلوم ہو سکتا ہے کہ آیا میرا گھرانہ اہل ہے؟

جواب: معاشی سروسز ڈویژن (ESD) درج بالا معیار کی بنیاد پر تعین کرے گی کہ آیا آپ کا بچہ اہل ہے۔ آپ کے اہل ہونے کی صورت میں، آپ کو ESD کی طرف سے ایک خط موصول ہوگا جس میں وضاحت ہو گی کہ آپ کو کیسے اور کب وظیفہ حاصل ہوگا۔

سوال 7: اگر ہم اہل ہیں، تو ہم یہ وظائف کیسے وصول کریں گے؟

P-EBT جواب :چائلڈ کیئر کے وظائف اس EBT کارڈ پر جاری کیے جاتے ہیں جسے آپ کے گھرانے کو 3SquaresVT وظیفے کے لیے جاری کیا گیا تھا۔

سوال 8: میرے بچے کی تحویل دو گھرانوں میں منقسم ہے۔ وظیفہ کس کو ملے گا؟

جواب: وظیفہ اس بالغ فرد کو بھیجا جائے گا جسے ESD کی جانب سے 3SquaresVT کے گھر کے سربراہ کے طور پر شامل فہرست کیا گیا ہے۔

سوال 9: میں اس وظیفے سے کیا خرید سکتا/سکتی ہوں؟

جواب: USDA کی ویب سائٹ پر اہل خوراک کی اشیاء کی فہرست دیکھیں۔

سوال 10: میں اپنا EBT کارڈ کہاں استعمال کر سکتا/سکتی ہوں؟

جواب: آپ اسے ایسے کسی بھی مقام پر خوراک خریدنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں جو 3SquaresVT قبول کرتا ہو۔ اس میں گروسری اسٹورز، سپر مارکیٹس، سہولت اسٹورز، اور ورمونٹ میں کسانوں کی بہت سی مارکیٹیں شامل ہیں۔ DCF کے EBT ویب صفحے پر مزید جانیں۔

سوال 11: میرے بچے چائلڈ کیئر میں نہیں ہیں۔ کیا مجھے یہ وظیفہ ملے گا؟

جواب: جی ہاں۔ چھ سال سے کم عمر اور 3SquaresVT وصول کرنے والے تمام بچے اہل ہیں۔

سوال 12: میرے دوسرے بچے چھ سال سے زائد عمر کے ہیں۔ کیا وہ چائلڈ کیئر P-EBT کے وظیفے کے اہل ہیں؟

جواب: جی نہیں۔ وظیفہ صرف 3SquaresVT وصول کرنے والے اور چھ سال سے کم عمر بچوں کے لیے دستیاب ہے۔ اسکول کی عمر کے بچوں کے لیے دستیاب وظائف کے متعلق مزید معلومات کے لیے براہ کرم اسکول P-EBT کے اکثر پوچھے جانے والے سوالات ملاحظہ کریں۔

سوال 13: اگر میں یہ وظیفہ نہ لینا چاہوں تو کیا ہو گا؟

جواب: شرکت رضاکارانہ ہے۔ اگر آپ شرکت نہ کرنے کا انتخاب کرتے/کرتی ہیں، تو اپنے 3SquaresVT EBT کارڈ پر جاری کردہ اضافی وظائف استعمال نہ کریں۔

سوال 14: اگر P-EBT کے وظائف کو خرچ نہ کیا جائے تو کیا ان کی میعاد ختم ہو جائے گی؟

جواب: جی ہاں۔ اگر کارڈ 274 دنوں کے اندر استعمال نہیں کیا جاتا ہے تو P-EBT کے وظائف کی میعاد ختم ہو جائے گی۔

سوال 15: میرے مزید سوالات ہیں۔ میں مزید کہاں جان سکتا/سکتی ہوں؟

جواب: مزید معلومات کے لیے https://dcf.vermont.gov/esd/P-EBT پر جائیں یا 1-800-479-6151 اختیار 7 پر کال کریں۔

VERMONT
AGENCY OF HUMAN SERVICES
DEPARTMENT FOR CHILDREN & FAMILIES

VERMONT
AGENCY OF EDUCATION